Karachi Metropolitan Corporation
e.mail: kmc.information.dptt@gmail.com
Phone:99216333 Fax:99215040

# بلدیہ عظمیٰ کراچی

پریس ریلیز

Ref No.KMC/INF/108/2022
Date: 14-04-2022

کراچی( )ایڈمنسٹریٹر کراچی، مشیر قانون اور ترجمان حکومت سندھ بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے کہا ہے کہ میڈیکل کے شعبے میں کام کرنے والے ڈاکٹرز، نرسز اور پیرامیڈیکل اسٹاف کے جائز مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کئے جائیں گے، کورونا ایمرجنسی کے دوران ہیلتھ ورکرز اور ڈاکٹرز نے بہترین خدمات انجام دیں اور فوری طبی امداد فراہم کرکے شہریوں کی جانیں بچائیں، کے ایم سی اسپتالوں میں بہتر طبی سہولیات کی فراہمی کے لئے ہرممکن اقدامات کررہے ہیں، یہ بات انہوں نے اپنے دفتر میں ملاقات کے لئے آئے ہوئے کے ایم سی نرسز فورم کے ایک وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کہی اس موقع پر میٹروپولیٹن کمشنر سید افضل زیدی، مشیر مالیات غلام مرتضیٰ بھٹو، نرسز فورم کے صدر محمد یٰسین، جنرل سیکریٹری شگفتہ سلیم، نائب صدر شمیم سید اور دیگر ممبران بھی موجود تھے، ملاقات کے دوران کے ایم سی نرسز فورم کے عہدیداران نے بلدیہ عظمیٰ کراچی کے اسپتالوں اور دیگر طبی اداروں میں مریضوں کے علاج معالجے کے لئے دستیاب سہولیات کو بہتر بنانے کے لئے تجاویز دیں اور میڈیکل اسٹاف کو پروفیشنل الاؤنس، یونیفارم الاؤنس اور نرسنگ الاؤنس کی ادائیگی کی درخواست کی، ایڈمنسٹریٹر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے کہا کہ ادارے کی مالی صورتحال کا جائزہ لینے کے بعد ہی میڈیکل عملے کو الاؤنس کی ادائیگی کا فیصلہ کیا جائے گا، انہوں نے کہا کہ کے ایم سی کے زیر انتظام اسپتالوں میں مریضوں کے علاج معالجے کے لئے فراہم کی گئیں سہولیات کو بہتر بنانے کی کافی گنجائش موجود ہے اور ہماری پوری کوشش ہے کہ ان اسپتالوں کا معیار بہتر ہو اور یہاں آنے والے مریضوں کی توقعات کو پورا کیا جاسکے، انہوں نے کہا کہ دکھی انسانیت کی خدمت عبادت سے کم نہیں ہے لہٰذا طبی اداروں میں کام کرنے والے ڈاکٹرز، نرسز اور دیگر پیرامیڈیکل اسٹاف مریضوں کے ساتھ خوش خلقی سے پیش آئے اور ان کی ہرممکن مدد اور رہنمائی کرے، کے ایم سی اسپتالوں میں زیادہ تر غریب ومتوسط طبقے کے لوگ علاج کے لئے آتے ہیں اس لئے پوری کوشش ہونی چاہئے کہ ایسے افراد کا اطمینان بخش علاج ہو اور وہ یہاں سے بہترین تاثر لے کر جائیں، انہوں نے کہا کہ اسپتالوں میں موجود مشینری اور دیگر طبی آلات کی کارآمد حالت میں دستیابی یقینی بنائی جائے اور جہاں کہیں کوئی کمی ہے اس سے فوری طور پر حکام بالا کو آگاہ کیا جائے تاکہ بلاتاخیر اقدام کرکے تمام ضروری سہولیات اسپتالوں کو فراہم کی جاسکیں، انہوں نے کہا کہ ہم سب مل کر ہی اپنے اسپتالوں کو بہتر بنا سکتے ہیں، شہریوں کی خدمت اولین ترجیح ہونی چاہئے۔

---